پونم اور پاکستان بار کونسل کے مطالبات گمراہ کن ہیں

دینی حلقے ملک کی اسلامی حیثیت کے تحفظ کے لیے آگے بڑھیں

--- مولانا درخواستی

پاکستان شریعت کونسل کے امیر مولانا فداء الرحمن درخواستی نے قوم پرست جماعتوں کے متحدہ محاذ "پونم" کے اس مطالبہ کو گمراہ کن قرار دیا ہے جس میں پاکستان کے نام سے "اسلامی" کا لفظ حذف کرنے اور لسانی بنیادوں پر نئے صوبوں کے قیام کی تجویز پیش کی گئی ہے۔ انہوں نے ایک بیان میں کہا کہ پاکستان کا قیام اسلام کے نفاذ کے نعرہ پر وجود میں آیا تھا اور اسے اس تشخص سے محروم کرنا پاکستان کے مقصد وجود کی نفی ہے اور سیکولر قوتیں مسلسل اس کوشش میں ہیں کہ پاکستان کے اسلامی تشخص کو ختم کر کے اسے لادین ریاست بنا دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بار کونسل کی طرف سے "وفاقی شرعی عدالت" اور "حدود آرڈی نینس" کے خاتمہ کا مطالبہ بھی افسوسناک ہے اور پاکستان کو سیکولر ریاست بنانے کی مہم کا حصہ ہے جس کا دینی حلقوں کو سنجیدگی کے ساتھ نوٹس لینا چاہیے۔ مولانا فداء الرحمن درخواستی نے دینی جماعتوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اسلامی نظام کے نفاذ اور پاکستان کے اسلامی تشخص کے تحفظ کے لیے متحد ہو کر آگے بڑھیں۔

-------- امت مسلمہ کو --------

اسلامی سال نو ۱۴۲۰ھ مبارک ہو

-------- منجانب --------

محمد ادریس خان صدر و دیگر ارکان پاکستان مسلم سوسائٹی

------ بھوئی گاڑ براستہ فاروقیہ ضلع اٹک ------